ہے، میں سمجھتا ہوں کہ میرا حق ہی نہیں ہے کیونکہ میں اپوزیشن میں ہوں لیکن مجھے جو چیز دی جاتی ہے اور دیئے جانے کے بعد پھر وہ چیز مجھے نہ دینا میرے ساتھ زیادتی ہے، نااضافی ہے اور میرے علاقے کے ساتھ ناانصافی ہے، میں آپ لوگوں کو اس کا جواب نہیں دے سکتا جی، میں پہلی دفعہ اسمبلی میں آیا ہوں، میں اتنا سیاستدان نہیں بنا کہ میں لوگوں کو ٹال سکوں۔ جب انہوں نے مجھے کہا، میرے گھر پر لوگ جمع ہو گئے اتنے زیادہ تو اس پر انہوں نے اعلان خود کیا ہے۔ اس کے بعد میں کروڑوں روپے نہیں مانگ رہا، صرف 15 لاکھ روپے ایک سال سے مانگ رہا ہوں۔ میں جب بھی جاتا ہوں لوگ آتے ہیں، میرے پاس کوئی جواب نہیں، میں کیا کروں؟ میں بے عزت نہیں ہو رہا بلکہ میرا CM بے عزت ہو رہا ہے، گورنمنٹ صوبہ سرحد بے عزت ہو رہی ہے اس بات پر، اس 15 لاکھ کو ریلیز کیا جائے۔ وہ اٹھ گئے ہیں، میں ریکویسٹ کرتا ہوں ان سے، یہ کیس فنانس سیکرٹری کے پاس پڑا ہوا ہے اور جب تک، یہ میری بات میرے بھائی سن لیں، میں نے مشاہدہ کیا ہوا ہے۔ جب تک CM صاحب یا سینئر منسٹر صاحب یا ادریس خان صاحب یا جو بھی منسٹر ہیں، جب تک وہ کسی کو کہیں گے نہیں تو پیسہ نہیں ملتا، مجھے تو آپ کی بینچیز کا پتہ نہیں، ہمارے بینچیز کی ساتھ تو یہی ہو رہا ہے۔ جب تک ان کی طرف سے ان کو نہ دیا جائے، کوئی اعلانیہ تو وہ پیسے نہیں ملتے تو میں Request کرتا ہوں سینئر منسٹر سے کہ میرے 15 لاکھ روپے۔۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب سپیکر: قلندر خان صاحب، آپکی بات نہیں پہنچ سکتی ان تک۔۔۔۔

جناب قلندر خان لودھی: کیوں جی؟

جناب سپیکر: تو آپ پراپر چینل پر نہیں آئے ہیں۔ نہیں، آپ چیئر کو ایڈریس کریں تو پھر بات پہنچ جائے گی۔

جناب قلندر خان لودھی: Sorry جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ہاں، پراپر چینل پر آئیں تو بات پہنچ جائے گی۔

جناب قلندر خان لودھی: سپیکر صاحب! آپ تو ہماری ایک امید ہیں۔ آپ ہی تو ہیں جس سے ہم بات کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس تو کوئی اور فورم نہیں ہے۔ ہم یہاں اسمبلی میں آتے ہیں، دومنٹ کیلئے ہم ان کے ساتھ بات کر سکتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ میں کر دوں گا، ہم کہتے ہیں ہو جائے گا۔ نہ وہ ہوا تو یہ کب کریں گے؟ سر کب کی بات ہے۔ آج میری سراج الحق صاحب سے Request ہے، ان سے میں نے ایبٹ آباد میں ریکویسٹ کی تھی، آج ان

سے آپکی وساطت سے سر، آپ کی وساطت سے کہ یہ میرا کام ہو جائے جی۔ باقی جو ADP ہے اس پر میرے بھائیوں نے ٹیکنکل باتیں کی ہیں اور ان میں ایک بات کا میں اضافہ کرتا جاؤں کہ جو ہم نے محکمے بنائے ہیں، یہ جو ہماری گورنمنٹ پر اتنا بوجھ پڑا ہوا ہے، یہ ADP دینا تو ان لوگوں کا کام نہیں ہے، یہ محکمے ADP دیں۔ وہ دیکھیں کہ ایک سکیم پر پہلے دس کروڑ روپے لگ گئے، اس پر ایک کروڑ لگ جانے سے یہ Through ہو جائے گا اور اس سے بہت بڑے علاقے Community کو فائدہ ہو گا۔ ہم تو سیاسی لوگ ہیں، پسند ناپسند کر سکتے ہیں لیکن وہ لوگ جو گورنمنٹ کے ہیں، وہ پسند ناپسند نہیں کر سکتے۔ وہ Priority دیکھیں گے کہ یہ کہاں Priority ہے، مجھے کیا دینا چاہیے؟ یہ ان کی طرف چھوڑ دی جائے، ADP میں وہ سکیمیں دیں اور وہ سینئر منسٹر لیں تو میرے خیال میں جی، یہ ذرا بہتر ہو گا کیونکہ وہ جو چیز دیں گے، وہ ان کے لوگ ہوں گے اور علاقے کی طرف سے نمائندگی اور سب ڈسٹرکٹ میں سب Constituencies دیں اور کم دیں یا زیادہ دیں لیکن وہ ان سے لینے چاہئیں تو اس لئے میں نے جی، یہی دو باتیں کی۔ اب کچھ گلے شکوے اس لئے نہیں کرتا کہ سراج صاحب کہتے ہیں کہ ان کی باتیں اتنی اچھی ہیں اور ہمارے ساتھ بات کرنے کا طریقہ اتنا اچھا ہے کہ ہم بعض اوقات کوئی بات کرنی ہوتی ہے تو بھی وہ منہ سے نہیں نکال سکتے۔ میں اس پہ ختم کرتا ہوں۔

<u>Mr Speaker:</u> Thank you.

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> سپیکر صاحب! زما یو خواست دے چہ پرون سراج صاحب دلتہ پہ دے هاؤس کښې دا خبرہ کړے وہ چہ زہ بہ سبا د Poverty alleviation پیسے چہ کوم دی، د هغے بہ زہ تفصیل راوړم چہ زمونږہ صوبے تہ څومرہ ملاؤ شوے دی۔ هغے بارہ کښې دوئ څہ خبرہ اونہ کړہ، چہ هغے دپارہ مونږ یو قرارداد اولیکو، څہ احتجاج اوکړو مرکز تہ چہ پرے زمونږہ 96 بلین د Poverty alleviation زمونږ صوبے تہ ولے نہ دے ملاؤ شوے۔ دا بہ لږ خواست اوکړو چہ د ددے بارہ کښې مونږ بریف کړی۔

<u>جناب سراج الحق {سینئر وزیر (خزانہ)}:</u> سپیکر صاحب! کل ایک بجکر بیس منٹ پر ہماری اسمبلی ختم ہوئی۔ اس کے بعد ہم نے مرکزی حکومت سے رابطہ کیا لیکن اس میں کچھ پرانے سالوں کا ہے لیکن کرنٹ انہوں نے دینے کا

وعدہ کیا ہے۔اسمبلی سیشن میں انشااللہ ہو جائے گا۔جی،اس سیشن کی دوران یہ جو چل رہا ہے،اسمیں یہ ممکن ہو سکے گا۔

جناب بشیر احمد بلور: ما هغه بل پرون خواست کړے وو چه د هغوی فنانس منسټر په فلور آف دی هاؤس وئیلی وو چه 96بلین روپئ Poverty alleviationله مونږ ورکړے نو مونږ ه صرف دا تپوس کوؤ۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: دوئ اووئیل کنه جی۔

جناب بشیر احمد بلور: دوئ اووئیل چه مونږ مرکز سره رابطه کړے ده نو دوئ ته نه دے راغلے تر اوسه پورے ؟

جناب سپیکر: وائی نه دے راغلے ، مطلب دا چه د دے سیشن په دوران کښې انشاالله مونږ ه به د هغوی نه دغه واخلو۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! سراج صاحب د Assistanceدپاره زه یو عرض کوم۔ دوئ دProvincial Facilitatorسره رابطه اوکړی، د صوبائی حکومت Provincial Facilitatorهغوی ته چه څومره Aided projectsوی، څومره ګرانټس وی، هغے باره کښې هغه ته ټول تفصیلات معلوم وی چه کوم په پائپ لائن کښې دی یا چه کوم د مرکز سره دهغوی خبرے اترے روانے وی۔ زما دوئ ته دا مشوره ده چه بجائے مرکز نهProvincial Facilitatorیونیورسټی ټاؤن کښې ئے دفتر دے ، هغه د راوغواړی نو ټول هر څه به دوئ ته معلوم شی جی۔

سینئر وزیر خزانہ: جناب سپیکر! ایک اجمالی جواب میرے پاس ہے جو ہمارے پاس تفصیلات ہیں لیکن کل سے ہم نے وفاقی حکومت کے جو متعلقہ آفیسر ز ہیں،انکوContact کر رہیں ہیں لیکن اس کیلئے اگر آپ اسی کا صرف جواب لیناچاہیں تو یہاں میرے پاس ہے۔لیکن جس طرح ہمارے۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب بشیر احمد بلور: مطلب یہ ہے کہ ہمارے صوبے کا آیا ہوا ہے، 96 بلین میں سے کچھ ملا ہے کہ نہیں؟ صرف ہمارا یہی سوال ہے۔ اگر ملا ہے تو Well and good، نہیں ملا تو کیوں نہیں ملا؟ اور اگر ملا ہے تو کہاں خرچ ہوا ہے؟ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: سراج صاحب، میرے خیال میں اس سلسلے میں آپ پوری تفصیلات جو کہ خلیل عباس صاحب نے تجویز دی کہ یہاں پر Provincial Facilitator ہیں اور وہ مرکزی حکومت سے Comprehensive بات ہو گی۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب سپیکر صاحب! یہ غیر دلچسپ باتیں ہیں۔ چائے کیلئے وقفہ کر لیں۔

(قطع کلامی)

جناب بشیر احمد بلور: د اربونو روپو خبرے دی، دا د صوبے د حقوقو خبرے دی او مولانا صاحب پہ چائے پسے حیران ناست دے۔ (شور/قطع کلامیاں)

جناب عبدالاکبر خان: یہ ایک انتہائی اہم Adjournment motion ہے کیونکہ ہم سمجھنا چاہتے ہیں کہ کہ آخیر اتنا پیسہ جب خرچ ہوا ہے، جو Concession بلکہ ہاؤس میں اس نے سٹیمنٹ دی ہے، فنانس منسٹر نے جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے کل کہا تھا کہ میں۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: انہوں نے فرمایا کہ ڈیٹیل پوری Available نہیں ہے۔ ہم نے کوشش کی یہاں پر Provincial Facilitater ہے اور ہم مرکز سے پوری Figures اسی سیشن کی دوران لے کر ایوان کو بتائیں گے۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! فنانس ڈپارٹمنٹ کو میرے خیال میں اس میں کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہے، پیسہ اگر آتا ہے۔ ProvincialConsolidated Fund میں تو Definitely وہ فنانس۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: سراج صاحب! آپ متوجہ ہو جائیں۔ آپ کے،۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: دیکھیں جی، پیسہ جب سنٹر سے جو بھی آتا ہے، وہ یہاں فنانس ڈپارٹمنٹ کے Through آتا ہے تو فنانس ڈپارٹمنٹ میں فنانس سیکرٹری بھی ہو گا، فنانس ایڈیشنل سیکرٹری بھی ہو گا، ان سے پتہ کریں۔ یہ تو ایک منٹ کا کام ہے کہ کیا آپکو Poverty کا پیسہ دیا ہے؟ کیا اس میں ہمارے صوبے کو ملا ہے؟ اور اگر ملا ہے تو کتنا ملا ہے؟ یہ تو ایک منٹ کا کام ہے جی۔ ٹی بریک میں خیر یہ لے لیں۔

سینئر وزیر خزانہ: میں نے عرض کیا کہ ویسے جو PSDP کا 2003-04 کا حجم 160 ارب کا ہے، اس میں صوبہ سرحد کو انہوں نے 22.970Billion روپے جو کہ کل ان کے حجم کا 14.63 فیصد بنتا ہے، اس کی تفصیلات بھی ہیں جو انہوں نے ہمیں دی ہیں لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس کی جو تفصیلات ہیں۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ PSDP کا سائز بتا رہے ہیں جو 160 بلین ہے، وہ جو فیڈرل بجٹ ہیں Reflect ہوا ہے 160 بلین PSDP کا۔ میں وہ بات نہیں کر رہا، میں یہ بات کر رہا ہوں کہ وہ کہتے ہیں کہ 97 بلین روپے ہم نے خرچ کیے، گزشتہ چھ مہینوں میں، PSDP سے وہ نہیں دے رہے۔ PSDP کا وہ کہتے ہیں کہ 31% فیصد ہیں وہ تو الگ سٹیٹمنٹ ہے، وہ کسی اور وقت بتا دوں گا۔ دیکھیں جی، اس میں آپ یہ دیکھیں کہ پرائیویٹائزیشن کمیشن بھی ان کو پیسے دے رہا ہے، وہ PSDP کے علاوہ ہیں، وہ Poverty کیلئے پرائیوٹائزیشن کمیش کے جو آرہے ہیں۔ ان پیسوں سے بھی Poverty کو، میں تو صرف یہ کہتا ہوں کہ فنانس منسٹر نے جو سٹیٹمنٹ فلور آف دی ہاؤس پر دی ہے کہ ہم نے 97 بلین روپے چھ مہینے میں خرچ کیے ہیں، ان چھ مہینوں میں انہوں نے 97 ارب روپے خرچ کیے ہیں تو اس میں صوبہ سرحد کو کتنا ملا ہیں؟ بس۔

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب! غربت مکاؤ سکیم پہ پنجاب کښې شروع شوے دے جی، هغے کښې هم دوئ ته Poverty Alleviation له پیسے ملاؤ شوی دی۔ مونږه د هغے خبره کوؤ چه په غربت کښې مونږه ته څومره ملاؤ شوی دی جی؟

جناب سراج الحق سینئر وزیر: سپیکر صاحب! زه هم دغه عرض کوم۔ پرون اجلاس ایک بجکر بیس منټه باندے ختم شوے دے۔ هغے نه پس زمونږ ډپارټمنټ هغوی سره رابطه کړے ده چه مونږ ته د دے ټول تفصیلات را کړئ، ستاسو ټول غربت مکاؤ سکیم او بیا د اخبار تراشه چه کوم عبدالاکبر خان صاحب پرون په اسمبلئ کښې پیش کړے ده، د هغے

په بنیاد باندے زما دا یقین دے چه مونږه به د دے سیشن دوران کښ د دے یو پوره تفصیل پیش کړو۔

جناب عبدالاکبر خان: زما په خیال دا دومره Complicated، منسټر صاحب ترے دا سے Complicated، اوس چه دا تے بریک اوشی جی، فنانس سیکرټری ته د ټیلیفون اوکړی چه فیډرل فنانس سیکرټری نه یا جائنټ سیکرټری نه یا چه هغوی څوک وی، ټیلیفون اوکړی۔۔۔۔

جناب سپیکر: څومره زر چه کوشش کیدے شی، مطلب دادے چه هغوی دغه کوی، مطلب دادے چه۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نو 24باندے د راسره دغه اوکړی نو 24ته خو ورځے ډیرے دی کنه جی۔ 24ته د راته تفصیل راکړی۔

سینئر وزیر خزانہ: یعنی، اردو میں بولوں یا پشتو میں، میں یہی عرض کرتا ہوں۔ اچھا اردو میں بولتا ہوں کہ اگر معاملہ ہمارے صوبائی حکومت کا ہوتا تو سارے تفصیلات ہمارے سامنے ہمارے دفاتر ہیں، ہمارے سارے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں پیدا کردونگا جی۔

سینئر وزیر خزانہ: میں عرض کرونگا کہ۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں پیدا کردونگا، میں 24 کو لاؤنگا، آپ نہیں کر سکتے، گورنمنٹ نہیں لا سکتی۔ میں لاؤنگا جی۔

سینئر وزیر خزانہ: میں، عبدالاکبر خان، میں عرض کرتا ہوں جی۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: میں عرض کرتا ہوں، یہ ٹھیک فرمارہے ہیں۔ بڑے افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں ۔۔۔۔

سینئر وزیر خزانہ: بشیر بلور صاحب، زه ولاړ یمه جی۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: وہ کہتے ہیں، ہم کہتے ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: ہم کہتے ہیں کہ فرض کریں ہمارے صوبے کو ملے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: بشیر بلور، پہلے منسٹر صاحب کو Explanation کرنے دیں، اگر آپ مطمئن نہ ہوئے تو پھر بھی بات ہوسکتی ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: اچھا، چلیں جی۔

جناب سپیکر: جی۔

سینئر وزیر خزانہ: مظلوم منسٹر ہوں جی۔ میرے ساتھ ہیں لیکن میرا حق یہاں بھی وہ، یعنی اگر میرا حق یہاں بھی مجھے نہیں دیا جاتا تو میں یہ عرض کرنا چاہتاہوں کہ 24 کو میرا تفصیلی جواب ہے۔ آپ نے جتنے سوالات کئے ہیں یا دوسروں نے کئے ہیں۔ ان کے ساتھ میں یہ بھی پیش کرونگااور مجھے یقین ہے کہ آپ کے ایوان میں مجھے پورا وقت ملے گااور اس کے ساتھ اس کی تفصیلات بھی میں انشاءاللہ 24 کو دونگا جی۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! میری درخواست یہ ہے منسٹر صاحب سے، بڑی اچھی Sugar coated گولیاں دیتے ہیں، بڑی صحیح بات کرتے ہیں مگر میری Request یہ ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ میں جواب دونگا، اس کے ساتھ میں بھی جواب دونگا۔ ہم کہتے ہیں کہ اس کو ہم علیحدہ طریقے سے لینا چاہتے ہیں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس کے لئے ہم بھرپور احتجاج کریں تاکہ ہمارے جو 14 کروڑ۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ہم اس کو Admit کرانا چاہتے ہیں۔ اگر نہیں ہیں تو پھر ہم اس کو Admit کراتے ہیں۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، وہ تو Pending ہے نا۔ اگر آپ مطمئن نہ ہوئے تو پھر اس کو Admit کریں گے۔

سینئر وزیر خزانہ: سر! زہ بہ علیٰحدہ د دیے دغہ ورکوم۔

جناب سپیکر: بس بالکل جی۔

سینئر وزیر خزانہ: علیٰحدہ دونگا جی۔ جس طرح یہ چاہتے ہیں، اسی طرح جواب دونگا جی۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ The sitting is adjourned for tea break

(اس مرحلے پر چائے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: آپ اے ڈی پی پر تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں، وہ تو میں پرسوں کرونگا۔ ایک پوائنٹ آف آرڈر کی Request ہے آپ سے۔

جناب سپیکر: کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے؟

جناب مشتاق احمد غنی: سر! یہ بڑا Important ہے، عوامی مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب مشتاق احمد غنی: اجازت مل گئی ہے جی؟

جناب سپیکر: بس۔ آپ ایسا سمجھیں کہ اجازت مل گئی ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! ایسا ہے کہ ایبٹ آباد باڑیاں، مری روڈ جو ایبٹ آباد سے جاتی ہے Towards Murree، نتھیا گلی سے ہوتے ہوئے یہ ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت سے 2000ء میں Complete ہوئی ہے اور ابھی Recently ایبٹ آباد سے ایک کلومیٹر جو مین شاہراہ ہے، وہ لینڈ سلائیڈنگ کا شکار ہو گئی ہے اور روڈ ٹوٹ گئی ہے اور صرف ایک گاڑی بمشکل وہاں سے گذر سکتی ہے اور FHA کی توجہ کی خاص طور پر مستحق ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اس پر ابھی بروقت توجہ نہ دی گئی تو یہاں پھر ایک Bridge بنانا پڑیگا جس پر کروڑوں کی لاگت آئے گی اور ابھی چند ہزار روپے سے اسے Repair کیا جا سکتا ہے لیکن یہاں گورنمنٹ سائڈ پہ کوئی ہے ہی نہیں کہ جو مجھے اس بارے میں۔۔۔

جناب سپیکر: ڈپٹی سپیکر صاحب! اگر آپ۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: ڈپٹی سپیکر صاحب تو ہمارے آدمی ہیں، جی یہ تو Custodian ہیں۔ (قہقہے) ہمارے آدمی ہیں۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: یہ دعویٰ آپ کا کب سے ہے؟ یہ دعویٰ آپ کا ان پر کب سے ہے؟ آج سے یا۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں نہیں، بہت پہلے سے۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: اچھا۔ (قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: 1980 سے۔

جناب مشتاق احمد غنی: 1980 سے۔ تو ابھی زیادہ قریب ہیں ہم ایک دوسرے کے، کیونکہ ہم دونوں ایک فلور پہ ہیں اس لئے جناب، اب گورنمنٹ کا کیا کریں؟ آج تو لگتا ہے کہ وزراء نے احتجاجاً بائیکاٹ کیا ہوا ہے آج کی کارروائی کا۔ ایک سراج الحق صاحب تھے، باقی کابینہ کا ایک منسٹر بھی یہاں پہ نہیں تھا۔

جناب سپیکر: وہ تو بہرحال، The cabinet is collectively responsible ۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں، ہمیں تو پتہ چلا ہے کہ صلح ہو گئی ہے لیکن لگتا ہے کہ صلح صحیح نہیں ہوئی ہے اس لئے کہ منسٹر صاحبان Available نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: ویسے آپ کو خوش فہمی ہے، صلح ہو گئی ہے۔ آپ اس خوش فہمی میں نہ رہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! یقیناً۔

جناب سپیکر: نا، صلح کی بات ہے اور مطلب ہے، ایسی بات نہیں ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! آپ کے علم میں تو یہ باتیں ہونگی، آپ تو سب کیلئے برابر ہیں۔ میں ان کی بات کر رہا ہوں کہ آج کوئی منسٹر نہیں تھا اور ہمیں اس لئے یہ خدشہ پیدا ہوا کہ شاید کوئی۔۔۔

جناب سپیکر: دو تین کی تو Applications آئی ہیں میرے خیال میں۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب مشتاق احمد غنی: احتجاجاً شاید وہ۔۔۔

جناب سپیکر: ایک تو کرکٹ میں پھنسے ہوئے ہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: جی۔

جناب سپیکر: آپ لوگ ٹکٹ کا مطالبہ کر رہے ہیں، وہ ٹکٹ دے نہیں سکتے اس لئے وہ ایوان میں آتے نہیں ہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! ہمیں ویسے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ شروع میں بعض منسٹرز کو دو ٹکٹ اور ایک ایک پوری اسمبلی کو دینے کا وعدہ ہوا تھا میٹنگ میں اور جو چار چار ٹکٹ وزیروں نے لے لئے اور ایم پی ایز کا حصہ وہ کھا گئے۔ ہمیں تو یہ اطلاع بھی ملی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: بہر حال اگر سپیکر کو ٹکٹ مل گیا تو وہ آپ کے سامنے رکھے گا کہ بھئی یہ آپ لوگ لے لیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: بس آپ ہماری طرح مسکین ہیں نا جی۔ (قہقہہ) ہم یہاں سارے جو بیٹھے ہوئے ہیں، ہم میں سے کس کو ٹکٹ ملا ہوا ہے لیکن ہم سب کے ناموں پر ٹکٹ، ہمیں پتہ چلا ہے کہ انہوں نے دیا ہوا ہے اور وہ چلے گئے ہیں کابینہ میں۔ اب میری اس بات کا کوئی جواب بھی دے دیں، کوئی آتا ہی نہیں ہے ہاؤس میں۔ پوائنٹ آف آرڈر میرا رہ گیا ہے بیچ میں، تو میں کس کے آگے بولوں؟

محترمہ رفعت اکبر سواتی: بھینس کے آگے بولو۔

جناب مشتاق احمد غنی: بھینس کے آگے بین بجاؤں۔ (قہقہہ) سر! جیسے آپ نے فرمایا کہ بارہ میں سے تین کی Applications ہیں، ایک کرکٹ میں پھنسا ہوا ہے تو باقی کدھر گئے ہیں؟

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب آ گئے ہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: بس ٹھیک ہے جی۔ (تالیاں) سر! میں نے ایک گذارش کی تھی کہ ایبٹ آباد سے ایک روڈ جو مری کی طرف جاتی ہے، یہ جناب سپیکر، ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت سے تعمیر ہوئی ہے اور آجکل ایبٹ آباد سے Just ایک کلو میٹر آگے یہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور اب صرف ایک گاڑی وہاں سے گذر سکتی ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک بارش ہوئی تو ساری نیچے چلی جائے گی اور یہ رابطہ جو ایبٹ آباد سے پورے گلیات اور مری تک کا، یہ سارا Disconnect ہو جائیگا۔ آگے سیاحتی سیزن آ رہا ہے، یہی بزنس سیزن ہوتا ہے سارے علاقے کا اور پورے پاکستان سے ٹورسٹس آتے ہیں۔ اگر یہ Link ہمارا ایبٹ آباد کا گلیات سے ٹوٹ گیا تو مری سے گلیات، ایبٹ آباد کا راستہ ختم ہو جائیگا۔ میری گذارش ہے گورنمنٹ سے کہ وہ اس پر Prompt action کرتے ہوئے اس روڈ کو جو بھی اس کا محکمہ ہے، ابھی تک اس کا بھی پتہ نہیں چل رہا ہے کہ یہ کس محکمے کا ہے تو اس روڈ کی تعمیر، Repairing کی جائے۔

جناب سپیکر: یہ ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد میں ہے؟

جناب مشتاق احمد غنی: یہ سردار صاحب کو پتہ ہو گا جی۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب مشتاق احمد غنی: مری روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جی، آپکے علاقے کو روڈ جاتا ہے، ایبٹ آباد سے ایک کلو میٹر آگے ٹوٹ گیا ہے اور ایک گاڑی ابھی گذر رہی ہے۔ کالا پل سے باہر، ایبٹ آباد کالا پل سے آگے کوئی پچاس گز کے فاصلے پر روڈ ٹوٹ گئی ہے۔

جناب سپیکر: مشتاق صاحب! Proper channel ، Violate نہ کریں۔ جی، سردار ادریس صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: Sorry sir، جی، Action کے لئے بتانا چاہ رہا تھا۔

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): جناب سپیکر! میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری مشکل بھی حل کر دی ہے اور یقیناً فرنٹیئر ہائی وے اتھارٹی کے پاس یہ روڈ ہے اور میں ابھی فوری طور پر فرنٹیئر ہائی وے اتھارٹی کے ڈی جی کو کہونگا کہ وہ ٹیلی فون کر کے فوری طور پر موقع دیکھیں کیونکہ یہ بہت زیادہ Important اور بہت سے لوگوں کا واحد راستہ ہے۔ دوسرا کوئی راستہ بھی نہیں ہے لہذا اس کو فوری طور پر تعمیر کریں، آمد و رفت کے قابل بنائیں انشاء اللہ و تعالیٰ۔۔۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ اکرام اللہ شاہد صاحب۔

جناب اکرام اللہ شاہد: شکریه سر! بسم الله الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! په سالانه ترقیاتی پروګرام باندے، اے ډی پی باندے، د صوبه سرحد په سالانه ترقیاتی پروګرام باندے زما رونړو ډیر په تفصیل سره بحث اوکړو نو هغوی د خپلو خپلو خد شاتو اظهار اوکړو نو تر څو پورے چه د دے سالانه ترقیاتی پروګرام تعلق دے نو دے ته خو مونږ سالانه ترقیاتی پروګرام د صوبه سرحد په حواله نه شو وئیلے البته د یو څو حلقو په حواله ورته اے ډی پی وئیلے شو۔ بیا دا ده جی، چه دواړه طرفه حیران دی، هغوی هم ګلے کوی او مونږه هم ګلے کوؤ۔

ناطقہ سربہ گریباں ہے اسے کیا کہیئے   خامہ گل بدنداں ہے اسے کیا کہیئے

نو دواړه یعني هغوی وائی چه زمونږ سره هم زیاتے دے، بل وائی ماسره هم ناانصافی ده۔ بیا هغه دومره ښکلے غټ غټ کتابونه چهاپ شوے دی نو د هغے چه څومره ضخامت دے، په هغے باندے به څومره خرچه شوے وی؟ نو د هغے متعلق ماته د غالب هغه شعر یاد یږی۔

اے مصور تیرے ہاتھوں کی بلائیں لے لوں   خوب تصویر بنائی میرے بہلانے کو

(نعرہ ہائے تحسین/تالیاں)

آوازیں: مکرر، ارشاد۔

جناب اکرام اللہ شاہد: سردار ادریس صاحب نے شعر نہیں سنا ہے، غالب کا ہے۔

اے مصور تیرے ہاتھوں کی بلائیں لے لوں   خوب تصویر بنائی میرے بہلانے کو

نو د بہلاویدو په سطح باندے خو دا ډیره صحیح اے ډی پی وه خو دا ده جی، چه مونږه حیران دا یو چه یره اوسه پورے هر یو خبره اوکړه، ما هغه بله ورځ هم په دے باندے اظهار خیال کړے وو بحیثیت د یو منتخب نمائنده د PF-23مردان، چه کم از کم زه دا نه شم ښودلے چه زما په PF-23مردانIکښ اوسه پورے یو سکیم، یو، د ایک لاکھ روپو، د دو لاکھ روپو سکیم چرته هلته شته؟ نو دا نا انصافی چه آخر اوشوه جی کنه، نو دلته وائی چه هغه تیرے چپے هیرے کړه، راتلونکے چپے شماره۔ مونږ خو وایو چه څه اوشو هغه ښه اوشو۔ ماجد خان لالا هم وائی نو دا وایو جی، چه یره د راتلونکی پس چه باید کوئ اوس او بیا به څه کیږی۔ سراج صاحب خو زمونږه ورور دے، مهربان دے او چه دوئ پاڅی نو ډیر ښکلے تقریر اوکړی نو مونږ ته د غالب هغه شعر را یاد شی۔

یہ مسائل تصوف یہ تیرا بیان غالب   تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

نو هغه ډیرے ښکلی تفصیل سره خبرے اوشی خو داده چه دوئ په دے فلور باندے دلته دا Assuranceورکړے وو چه یره کوم طرف ته محرومئ دی یا Discrimination شوے دے نود هغے به مونږه ازاله کوؤ نو اته میاشتے خو تیرے شوے کم از کم زمونږ د هغے

خو ازاله اونه شوه او که د نورو شوے وی نو د هغے به هغوی پخپله اووائی نو دا به مونږ ځکه وایو جی چه،

ے چه نورو پټ کړل د زړه باغ لاله څرګند کړه
ګنی کوم د دے باغ نه دے د ل کباب ګل

نو هر یو څیز هم دغه دے چه کوم دے۔ اوس مونږ دا وایو جی چه یره دوئ د دا، لکه څنګه چه بلور صاحب اووئیل چه دا د سوالونوجوابونه د دوئ په خپل Speech کښې بیا اوکړی او هغه دا دی چه مونږ وایو چه اوسه پورے مجموعی طور باندے په تمامو سیکټرو کښې هر یوے ضلعے ته څومره فنډ ریلیز شوے دے؟ یو، او بیا په هغه تناسب سره هر یوے حلقے ته څومره فنډ ریلیز شوے دے؟ خو چه مونږه ته پته اولګی چه زما حلقه کښې څومره راغلے دے او د نورو حلقو کښې څومره راغلے دے؟ زمونږ د بل په ترقئ باندے اعتراض نشته۔ مونږه ټول یو دغه یو۔ سکندر شیرپاؤ صاحب په خپل تقریر کښې اووئیل چه یره فلانکے ضلع په فلانکی نمبر باندے ده نو مونږ وایو چه د نمبر په لحاظ سره مردان پشاور پسے په دویم نمبر باندے دے خو ما وئیل زه شیر پاؤ صاحب ته وایم چه ګورو۔

ے جاں نثاروں کی فہرست ذرا میں دیکھ تو لوں تم نے لکھا ہے میرا نام کس ترتیب سے
(نعرہ ہائے تحسین)

نو مونږ ګورو چه زمونږ په کوم ترتیب باندے مردان راغلے دے نو هغه دوئ راته اووئیل چه زما خیال دے څه لسم دولسم روستو نه نمبر باندے دے، نو زه دا عرض کوم جی، مونږ خو وایو چه خیر دے چه څه اوشو هغه اوشو، دا د دوئ د سر پټکے شو، په هغے باندے به، نور په مړ سپی زړه نه بد وو خو دا راتلونکی چه کومه اے ډی پی را روانه ده، د 2004-05نو هغه به هم داسے وی؟ زما غالب ګمان دے چه داسے به ځکه وی چه کوم سکیمونه په دے کښې اوس روان دی، هغه به Ongoingته راځی نو اول به هغه په Priorityباندے راشی۔ نو چه Ongoingته هغه راشی نو د نورو د پاره څه پاتے کیږی؟ نو مونږ به بیا هغه خبره چه په دے قبر باندے غوړی شکرے نشته خو کوشش پکار وو چه د دے نا انصافوازاله اوشی او په راتلونکی باندے، مخکښې مونږ ته یاد

دی چه اے ډی پی به څنګه جوړیدله جی او ډسټرکټ DDAC کمیټئ به وے ، ایم پی اے به د هغے چیئرمین وو، هغه په خپله ضلع کښ چه Allocation به ورته Approximately او ښودلے شو، د هغے مطابق به اے ډی پی تیاره شوه۔ هغه به صوبے ته راغله، هغه اے ډی پی به دغه شوه۔ مونږه نه پوهیږو چه دا تیره شوے اے ډی پی چا جوړه کړے ده، څنګه ئے جوړه کړے ده؟ نو که اوس هم د دے دغه حال وی نو بیا به څه کوؤ جی؟ نو زه ۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب سپیکر: مختصر، مختصر ئے کړه۔

جناب اکرام اللہ شاہد: بهر حال ډیر وخت ستاسو نه اخلم ځکه جی، چه ستاسو ډیره شکریه ادا کومه چه زمونږه دا خبرے تاسو واوریدے۔

جناب سپیکر: مهربانی جی۔

جناب اکرام اللہ شاہد: ډیره ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: وجیہہ الزمان صاحب، وجیہہ الزمان۔

جناب سراج الحق (سینئر وزیر): مسٹر سپیکر صاحب! یو منټ جی، یو منټ۔ د مرزا غالب شعرونه هغوی پیش کړل جی، خو د هغوی په زمانه کښ چه کوم داغ وو، هغه د دے جواب ورکړے وو چه:

؎ اک ذرا سی بات پہ برسوں کے یارانے گئے یہ تو خیر اچھا ہوا کچھ لوگ پہچانے گئے

(شور/تالیاں)

جناب اکرام اللہ شاہد: زه به دا اووایم جی۔

؎ آپ خود اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں گر ہم آغاز کرینگے تو شکایت ہو گی۔

(تالیاں)

مولانا مفتی حسین احمد: سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب، زه۔۔۔

جناب سپیکر: جناب وجیہہ الزمان صاحب، شعر سے شروع کرینگے۔

مولانا مفتی حسین احمد: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: شعر و شاعری، شعر سے شروع کرینگے۔

مولانا مفتی حسین احمد: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: شعر سے شروع کرینگے۔

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): جناب سپیکر! ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ:

اب دل میں حوصلہ نہ سکت بازوؤں میں ہے ۔۔۔ کیا مقابلے پہ میرے یار آ گئے

(تالیاں)

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ اجلاس ہو رہا ہے یا مشاعرہ ہو رہا ہے؟

جناب سپیکر: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ (شور/تالیاں)

جناب سپیکر: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

مولانا مفتی حسین احمد: یو منٹ ما له را کړئ، زه۔۔۔

آوازیں: مفتی صاحب، مفتی صاحب۔

جناب سپیکر: جی۔

مولانا مفتی حسین احمد: زه یو دوه دغه وایم سپیکر صاحب۔ بس، دوه دغه وایم۔

جناب سپیکر: د دے نه روستو، د دے نه روستو۔

مولانا مفتی حسین احمد: د دے بیا۔۔۔

جناب سپیکر: بیا زما په خیال د مشاعرے دغه به کیږدو او دا د اے ډی پی شے به ملتوی کړو۔ (قہقہے)

جناب مختیار علی: خبره خو داده جی، چه د هغه تیرے اے ډی پی نه خو داده چه دا مشاعره په دے هال کښې اوشی نو دا به ډیره زیاته بنه وی۔ (قہقہے)

مولانامفتی حسین احمد: زه سپیکر صاحب! زمونږه ډپټی سپیکر صاحب دے ،میں ان کو یہ کہونگا کہ:

افسوس صد افسوس کہ شاہین نہ بناتو دیکھی نہ تیری آنکھ نے قدرت کے نشانات
تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

(تالیاں)

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر صاحب! جب منسٹر ز ہاؤس میں نہیں آئے ہوئے تھے،جب منسٹر ز ہاؤس میں نہیں آئے ہوئے تھے تو میں نے ایک بات کی تھی،اب اس کا ثبوت آپ کو مل گیا ہے۔

جناب سپیکر: جی،وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ،جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔یہ تو اچھا ہوا کہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچاننا شروع کر دیا۔ (قہقہے) بہر حال سر،اے ڈی پی کے حوالے سے موضوع زیر بحث ہے۔میں اس کے حوالے سے کچھ بات کرنا چاہونگا کہ ماضی میں بھی حکومتیں چلتی رہی ہیں اور ہم بھی اس سے پہلے کی حکومت کا ایک حصہ رہے ہیں اور اس وقت بھی اے ڈی پیز بنتی تھیں اور جب بھی کوئی اعلانات ہوتے تھے، جہاں بھی کوئی ایسی گرانٹ دی جاتی تھی،کوئی ایسا پروگرام ہوتا تھا تو اس سے پہلے ہمیں یاد ہے کہ میں خود بھی کابینہ کا حصہ تھا،تو چیف منسٹر صاحب پی اینڈ ڈی کے لوگوں کو،فنانس منسٹر کو اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری صاحب کو اور چیف سیکرٹری صاحب کو مدعو کیا کرتے تھے اور ان سے پوچھا کرتے تھے کہ میں فلاں جگہ جا رہا ہوں،میں نے وہاں پر یہ اعلانات کرنے ہیں،آیا وہاں پر ہماری چادر کتنی ہے؟ہم کس حیثیت سے اعلان کر سکتے ہیں؟اور وہاں جا کر اس حیثیت سے اعلانات کئے جاتے تھے۔بے شمار آگے ڈیمانڈز ہوتے تھے،ان میں ایک یا دو اپنی چادر کے مطابق وہاں اعلانات کئے جاتے تھے۔آجکل جو ہم دیکھ رہے ہیں جناب سپیکر،کہ چیف منسٹر صاحب جاتے ہیں مختلف حلقوں میں اور وہاں جا کر جتنا بھی سپاسنامہ ہوتا ہے،سارے کا سارا منظور۔اس پہ Directives ہوتے ہیں۔پانچ کروڑ کی سکیم ہے تو

ایک لاکھ روپیہ Reflect کیا جاتا ہے یا دو لاکھ روپیہ Reflect کیا جاتا ہے۔ وہ چلتا ہے جب اس پر کوئی ٹھیکیدار نہیں آتا۔ پانچ کروڑ کی سکیم پہ جب دو لاکھ پہ کوئی حامی نہیں بھرتا تو نتیجتاً وہ Lapse ہو جاتا ہے۔ Lapse ہو کر پھر بنوں میں چلا جاتا ہے یا ڈی آئی خان میں چلا جاتا ہے یا دیر میں چلا جاتا ہے۔ یہ میں جانتا ہوں کہ ہمارے سینئر منسٹر صاحب کے پاس نہیں جاتا، بہر حال میری گذارش یہ ہے کہ یہ ناانصافی ختم ہونی چاہیئے۔ ووٹ قرآن کے حوالے سے لئے گئے ہیں، اسلام کے نام سے لئے گئے ہیں۔ * + لیکن آپ کم از کم۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ الفاظ میں حذف کرتا ہوں۔ یہ میں حذف کرتا ہوں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: ایسے ایسے الزامات ہیں جناب سپیکر۔۔۔

جناب سپیکر: جذبات میں، پلیز جذبات میں نہ آئیں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: نہیں، میں بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: میں حذف کرتا ہوں ان الفاظ کو، آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: ٹھیک ہے سر، Thank you Sir۔

جناب سپیکر: یہ آپ کے شایان شان نہیں ہے، آپ پکے مسلمان ہیں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: میں Appreciate کرتا ہوں آپ کی بات، بہر حال سر! گذارش یہ ہے کہ ایک حکومت جو کہ اسلام کے نام پہ بنی ہے اور جس سے لوگوں نے توقعات رکھی ہیں کہ جی اب معاشرہ ٹھیک ہو گا۔ یہ نہیں کہ عام لوگوں نے، ہم نے بھی محسوس کیا کہ اس دفعہ ایک ایسی حکومت آرہی ہے کہ ہمیں انصاف دیکھنے کو ملے گا، ہمیں ایک اچھا دیندار معاشرہ دیکھنے کو ملے گا لیکن جب اس حکومت سے ایک ایسی ناانصافی، ہم یہ نہیں کہتے کہ جی، آپ دیر میں یا بنوں میں فنڈز نہ لگائیں، ہمارے بھائی ہیں، وہ ہمارے صوبے کے حصے ہیں، ٹھیک ہے آپ وہاں

---

*حذف بحکم سپیکر: +

فنڈز لگائیں، آپ Blind share دیں ان کو کیونکہ آپ کے پاس حکومت ہے لیکن ساتھ تھوڑا تھوڑا باقی ساتھیوں کو بھی دیں، ہمیں نہ دیں، چلیں ہم اپوزیشن میں ہیں لیکن یہ باقی بھائی ہمارے بیٹھے ہیں، یہ بھی ہماری طرح اس وقت خوار بیٹھے ہیں۔ ان کے اور ہمارے حالات میں کوئی فرق نہیں ہے، ان کو کم از کم دیں۔ (تالیاں) جب مختلف جگہوں پہ اے ڈی پیز کے اعلانات ہوتے ہیں، اس میں کم از کم اتنا، اے ڈی پی میں Amount reflect ہونا چاہیئے جس سے جو سکیم ہے، اس پر عملدر آمد ہو سکے۔ ایک سکیم Announce ہوتی ہے، ایک ذمہ دار آدمی ایک حلقے میں جاتا ہے، ایک علاقے میں جاتا ہے، وہاں پہ سکیم Announce کرتا ہے اور وہاں پہ جب وہ سکیم Reflect ہوتی ہے تو جناب سپیکر، یہ باتیں بڑی معیوب نظر آتی ہیں۔ ایک طرح سے وہ کیا کہتے ہیں اس کو، ٹھگانے والی بات جو کہتے ہیں کہ ٹھگا دیا اس کو، اعلان کر دیا خوش کر دیا۔ ہماری پارٹی کے ممبرز نے ان کو بلایا، ان کی عزت کرنے کی کوشش کی اور انہوں نے ہمارے لوگوں کی عزت افزائی وہاں جا کر کی اور پارٹی میں بھائی بدنام بھی ہوئے کہ آپ نے کیوں بلایا ان کو لیکن ایک مہمان گھر پہ آتا ہے، اس کو ہر کوئی دعوت دیتا ہے۔ اگر مجھے کوئی کہے، میرا مخالف بھی کہے کہ تمھارے گھر میں آتا ہوں تو میں ناں نہیں کہہ سکتا، میں اس کی عزت خاطر کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ ہمارے علاقے کی روایت ہے، اس کے باوجود وہاں جا کر جھوٹ کہنا، غلط بیانی سے کام لینا یا ایسا کوئی کام کرنا کہ مزید ان کی عزت پہ حرف آئے تو میں سمجھتا ہوں یہ بات معیوب ہے۔ ایک آدمی جو آپ کی عزت کرتا ہے، کم از کم اس کی عزت کے اوپر حرف نہیں آنا چاہیئے، لہذا جو بھی اے ڈی پی کے اعلانات ہوتے ہیں، جہاں بھی Directives Issue ہوتے ہیں، وہ اعلانات کئے جائیں جو آپ کی دسترس میں ہیں، جو آپ کی گنجائش میں ہیں، جو آپ کی دسترس سے باہر ہیں، صاف لوگوں کو بتا دیں، دھوکے میں رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ رب العزت کی ذات تو اوپر سے دیکھتی ہے کہ آپ کسی کو دے رہے ہیں کہ بھائی اتنے دونگا اور آپ نہیں دیتے تو افسوس کی بات ہے۔ آپ صاف ان کو اعتماد میں لیں۔ ہم سارے ایم پی ایز ایک لوگ ہیں، ایک ہی طریقے سے Elect ہو کر آتے ہیں۔ ہمیں، دن کو کہیں کہ دن ہے اور رات کو کہیں کہ رات ہے، یہ نہ ہو کہ رات کو کہیں کہ دن ہے، غلط بیانی سے اپنا ہی نقصان ہوتا ہے، دوسروں کا نقصان نہیں ہوتا۔ تو یہ میری گذارشات تھیں۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔

جناب وجیہہ الزمان خان: میں آپ کا بہت مشکور ہوں جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: غزالہ حبیب صاحبہ۔ (تالیاں)

الحاجیہ غزالہ حبیب: سر! شکریہ جناب سپیکر کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ جب 04-2003 کا بجٹ پیش ہوا تھا تو اس وقت بھی ہمارے ممبران نے اس پر شدید احتجاج کیا تھا اور آج بھی ہمارے اعتراضات وہی ہیں کیونکہ یہ بجٹ حکومت کے صاف اور عوام کے بلا تفریق خدمت کے دعوؤں کے یکسر منافی تھا، بر عکس تھا اور آج اسی کے بدولت کہیں تو آپ کو کروڑوں کے ٹینڈرز نظر آتے ہیں اور کئی علاقے بالکل نظر انداز کئے گئے ہیں۔ یہاں میں ڈسٹرکٹ مانسہرہ کی بات کرونگی جو چھ حلقوں پر مشتمل ہے اور وہاں کچھ حلقوں میں تو سکیمیں دی گئی ہیں لیکن جب ایک حلقے میں سکیم دی جاتی ہے تو دوسرے حلقے کے لوگوں میں احساس محرومی پیدا ہوتی ہے اور ان میں یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ ان کا نمائندہ ان کیلئے کچھ نہیں کر رہا۔ میں اپنے حلقے پی ایف۔57 جو کہ ایک Declared backward area ہے، کی بات کرونگی جس کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے اور میری کسی بھی Proposed scheme کو Touch تک نہیں کیا گیا بلکہ کئی Ongoing schemes جن پر حکومت کے لاکھوں روپے خرچ ہو چکے ہیں، کیلئے بھی کوئی رقم نہیں رکھی گئی ہے۔ ان میں ایک انتہائی Important بین الاضلاعی روڈ تھا جس کیلئے کوئی پیسہ نہیں رکھا گیا اور دس Water supply schemes تھیں جن کیلئے رقم نہ رکھ کر عوام کو ان کے جائز حق سے بھی محروم رکھا گیا ہے۔ جناب سپیکر! ہمارا صوبہ ایک غریب اور پسماندہ صوبہ ہے اور یہاں کی زیادہ تر آبادی زندگی کی بنیادی سہولتوں سے بھی محروم ہے۔ یہاں غربت اور بے روزگاری اپنے عروج پر ہے۔ ہمارے صوبے کے زیادہ تر لوگوں کا انحصار زراعت پر ہے، مال مویشی رکھنے پر ہے لیکن دیکھا جائے تو اے ڈی پی میں زراعت کیلئے بہت کم رقم مختص کی گئی ہے اور جو رقم رکھی بھی گئی ہے اس میں سے انتہائی کم خرچ کی گئی ہے۔ آج ہمارے اس صوبے کے عوام پورے ملک میں سب سے زیادہ زرعی ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔ جیسا کہ عبد الاکبر خان صاحب نے کہا کہ یہ ٹیکس صوبے کے عوام کا حق ہے اور ان پر خرچ کیا جائے لیکن اس میں زراعت کے شعبے میں کوئی بھی ترقی نظر نہیں آتی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم بجائے بڑے ڈیمز کے چھوٹے چھوٹے ڈیمز بنائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ فائدہ اٹھا سکیں۔ اس سلسلے

میں میں نے اپنے حلقے کیلئے دو Proposals دی تھیں ڈیمز کی، جن میں سے ایک پر 0.5 ملین روپے اس کی Feasibility کیلئے رکھے گئے تھے 96-1995 میں لیکن ان میں سے کسی ایک کو بھی Consider نہیں کیا گیا جو کہ انتہائی افسوس کی بات ہے کیونکہ حکمران کسی خاص حلقے کیلئے نہیں بلکہ پورے صوبے کے حکمران ہیں۔ بار بار ہم نے سنا، ہمارے سینئر منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ اگر فرات کے کنارے مرنے والے کتے کیلئے بھی حضرت عمر فاروقؓ جیسے جلیل القدر خلیفہ آتے ہیں تو کیا اتنے بڑے حلقے کے عوام کیلئے ان سے کوئی پوچھ گچھ نہیں کی جائیگی۔

(تالیاں) آج سر، جب بھی این ایف سی ایوارڈ کی بات کی جاتی ہے تو اپنے صوبے کی غربت کا رونا رویا جاتا ہے لیکن ہم نے اس پورے ڈیڑھ سال میں صوبے کی غربت کے خاتمے کیلئے کوئی Concrete قدم نہیں دیکھا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ بے روزگاری کے خاتمے کیلئے، غربت کے خاتمے کیلئے کوئی Concrete قدم اٹھایا جائے۔ آج پورے ملک میں 37,000 میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے لیکن اگر ہم اپنے صوبے کی ایک دانشمندانہ پلاننگ کریں تو اپنے دریاؤں اور نالوں پر 40000 میگاواٹ سے زیادہ بجلی پیدا کر سکتے ہیں جس پر خرچہ 50 پیسے فی یونٹ آئے گا۔ اگر آج صنعتکار تمام ٹیکس ملا کر پانچ روپے فی یونٹ ادا کرتے ہیں لیکن اگر انہیں کم قیمت پر بجلی دی جائے تو صوبہ اربوں روپے کما سکتا ہے، جس سے نہ صرف صنعتکاروں کا رخ اس صوبے کی طرف ہو جائیگا بلکہ صوبے کے عوام کو بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور پھر Indirectly بجلی کے بل میں ریلیف ہوگی جس کا Direct اور Indirect فائدہ بھی عوام کو پہنچے گا۔ مسٹر سپیکر سر! مجھے امید ہے کہ میری معروضات کو اہمیت دی جائیگی اور انشاءاللہ ہمارے ساتھ زیادتی نہیں کی جائیگی۔ تھینک یو۔ Next time

جناب سپیکر: تھینک یو۔ رفعت اکبر سواتی صاحبہ، پانچ منٹ ہیں، بس۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! نماز میں خراب نہیں کرونگی۔ اب پانچ منٹ میں، میں پھر اپنا شعر بھی نہیں پڑھ سکونگی۔ کیا کروں کہ میرا تو شعر بھی فیض احمد فیض کا ہے اور بڑا لمبا ہے۔ اگر ٹائم ہوا تو پڑھ لونگی، اگر نہیں ہوا تو نہیں پڑھونگی۔ Thank you, Mr. Speaker sir آپ نے مجھے موقع دیا۔ پہلے تو میں یہ کہونگی کہ واللہ اعلم ہم Electoral College کے Through جو آئی ہوئی خواتین ہیں، ہم اس اے ڈی پی کا حصہ ہیں بھی کہ نہیں؟

ایک آواز: نہیں ہیں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: نہیں ہیں؟ جو کہ بڑی ایک افسوسناک بات ہے کیونکہ الیکشن وہاں بھی ہے اور الیکشن یہاں بھی ہے۔ ہمیں اس کا ایک اہم جز ہونا چاہیئے تھا اور جس طرح سے ہم باقی فنڈز کا استعمال کر رہے ہیں، ان کو Developmental schemes میں لگا رہے ہیں تو ہم ان فنڈز کو بھی چاہتے تھے کہ ہمارے سیکٹرز میں یہ آتے اور ان کو ہم استعمال کرتے تاکہ یہ محسوس نہ کیا جائے کہ ہمیں صرف گلیاں، سڑکیں یا خالی پانی کا کام کرنا چاہیئے بلکہ ہم نے Women development کیلئے کام کرنا ہے تو اس کیلئے جب بھی ہم دیکھتے ہیں، ذرا نظر دوڑاتے ہیں تو ہمیں کہیں بھی Women development کی کسی بھی سکیم کیلئے کوئی ایسی رقم نظر نہیں آتی جو ہمارے صوبے نے رکھی ہو اور اس کو ہم Openly استعمال کر سکیں۔ میں سر، یہاں پر Detail میں بالکل نہیں جاؤنگی اس لئے کہ سکندر شیر پاؤ صاحب، عبدالاکبر خان صاحب اور بشیر احمد بلور صاحب نے وائٹ پیپر کو Prove کر لیا ہے کہ وہ ایک Eye wash ہے اور اس میں جو کچھ بھی لکھا گیا تھا، وہ صرف لیلیٰ مجنون کی کہانی تھی، اس سے زیادہ کچھ بھی نہیں تھا کیونکہ جس طریقے سے انہوں نے Facts & figures page by page indicate کئے ہیں، ان سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ آیا صرف دل کو خوش کرنا یعنی یہاں جیسے کہتے ہیں دل پشوری کرنے کیلئے یہ سکیمیں Announce ہوئی تھیں لیکن ان پہ عمل درآمد بہت مشکل سے ہو رہا ہے۔ تو جناب عالی، میں تو کہہ نہیں سکتی کہ ہمارے ایم ایم اے کی حکومت نے جو اپنی مرضی سے یہ سارا سلسلہ بنایا، جس میں انہوں نے بالکل بھی شامل نہیں کیا ہے، سچ ہے کہ جھوٹ ہے، یہ تو وقت ہی تعین کریگا اور لوگ ہی فیصلہ کرینگے کہ ان لوگوں نے جو اقدامات کئے ہیں، جو انہوں نے فیصلے کئے ہیں، جو Programmes project انہوں نے بنائے ہیں، آیا ان کو یہ پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں کہ نہیں؟ وقت ہی فیصلہ کریگا کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی کہتے ہیں "والعصر" میں اگر آپ نے پڑھا ہو، وقت ہی کی قسم ہے اس میں بھی تو یہ وقت نے کچھ فیصلہ دے دیا اور باقی کچھ مل جائیگا۔ جناب والا! میں آپ کی۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جناب والا! میں آپ کی توجہ کچھ ایسی چیزوں کی طرف دلوانا چاہتی ہوں، جیسے کہ اے ڈی پی کی بات ہے، اس میں Additional ADP کی بھی بات ہوتی ہے اور اس میں ایک Structural adjustment، وہ جو SAC کا پروگرام ہے اور Asian Development Bank نے دیا ہے، اس میں

جناب والا، 961 پوری کی پوری سکیمز جو ہیں، اللہ کی مہربانی سے Drop ہو گئی ہیں، اور کیونکر Drop ہو گئی ہیں؟ Mismanagement اور Ill-planning کی وجہ سے اور یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ آپ کی 961 سکیمز ٹوٹل کی ٹوٹل Drop ہو گئی ہیں۔ میں اس پر Further deliberate اس لئے نہیں کرونگی کیونکہ یہ Black & white میں موجود ہے اور آپ کے پاس اس کا رزلٹ ہے۔ پھر اس کے بعد میں دوسری بات کرنا چاہونگی۔ وہ جو سپیشل پروگرام سیکٹرز، جیسے ڈیرہ تھا، خشک سالی کیلئے، Access to justice تھا، مجھے تو سر، ابھی تک کوئی ایسا ریکارڈ نہیں ملا جتنا کہ میں نے پڑھا ہے تھوڑا سا، گو کہ بشیر احمد بلور صاحب نے کہا کہ یہ بڑے بڑے کتابچے آتے ہیں، ان کو کھول کر کسی نے نہیں دیکھا لیکن ہم نے تھوڑا تھوڑا اس کو ضرور کھولا ہے۔ پورا ہم نہیں کھول سکے، واقعی یہ پیسے کا ضیاع ہے اور اس پہ پھر بھی توجہ دینی چاہیئے۔ ہمیں ایک Questioneer دیا جائے اور ہم سے پوچھا جائے مختلف چیزوں کے بارے میں تو پھر اس کے جوابات ہم ہاؤس میں دیں تو ہم Justify ہوتے ہیں کہ اتنا Print material آیا اور اس کو ہم نے استعمال کیا ہے تو جناب عالی! اس سپیشل پروگرام میں کتنی Allocation ہیں، کہاں کہاں ہوئی ہیں اور کیسے کیسے ہو رہی ہیں؟ اس کے بارے میں بھی میں منسٹر صاحب سے اس لئے پوچھنا چاہتی ہوں کیونکہ اس کا مجھے کہیں بھی کوئی ریکارڈ نہیں مل رہا ہے۔ اس کے بعد میں بات کرونگی جناب عالی، ان سکیمز کی جو سی ایم کی Directives پر ہوتی ہیں، تو سی ایم کی Directives کی جتنی بھی سکیمز ہیں، میری گزارش یہ ہے کہ برائے مہربانی ہاؤس کو، آپ ان کی Allocation No ----- (قطع کلامی)

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر! نماز کا ٹائم ہو رہا ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: آپ، Excuse me please, let me to continue جب بھی خواتین بولتی ہیں، پتہ نہیں ہمارے بیٹے بھائی بھی بول رہے ہوتے ہیں، وہاں سے بھی ہوتے ہیں----- (قطع کلامی)

جناب خلیل عباس خان: میں نے تو صرف نماز کا کہا تھا۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز، یہ کوئی طریقہ ہے؟

محترمہ رفعت اکبر سواتی: بات سنیں۔ جب آپ لوگ بول رہے ہوتے ہیں تو کبھی آپ نے دیکھا ہے کہ کسی خاتون نے---- (قطع کلامی)

جناب سپیکر: پلیز، آپ Continue کریں۔ Please continue رکھیں، آپ Continue کریں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: پھر ہمارا وہ سلسلہ ہی ٹوٹ جاتا ہے نا۔ تو سر، منسٹر صاحب یہ پوچھنا چاہونگی کہ۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اپوزیشن بینچز والے آپ کو بولنے نہیں دیتے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: باہر نکل کر میں ان کو ٹھیک کرونگی۔ اب ادھر میں ان کو کچھ نہیں کہتی، ان کو میں چانٹے باہر لگاؤنگی ان سب کو۔ (مداخلت) چپ مرہ، I am talking to the speaker, I am addressing the chair. تو سر، ان کی Amount کتنی ہے، اس کی Allocation اور یہ کب، کہاں، کس وقت اور کیسے ریلز ہوگی؟ تو اس کے بارے میں ہر ممبر کو پتہ ہونا چاہیے۔ دیکھیں، آج جتنی ہم لوگوں نے Restlessness اس پر Show کی ہے اور جتنا ہم نے بے اعتباری کا ایک ماحول Create تو اس لئے کیا ہے کہ ہمارے پاس کوئی Proof نہیں آرہا، تو کیوں نہیں یہ ایمانداری سے وہ تمام سکیمز، ان کی Amounts کہاں کہاں ہوتی ہیں اس کی ایک List provide کرتے؟ تو نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔ اب میں آتی ہوں سر، Donors Plans Strategy ایک پروگرام آتا ہے جس میں Donors نے کہا ہے کہ آپ نے تین سال کے اندر اس پروجیکٹ کو Complete کرنا ہے اور Maximum ایک سال کی Relaxation ہوتی ہے کہ آپ چار سال تک کر سکتے ہیں اور میں آپ کو افسوس سے یہ کہونگی کہ 99% سکیمز ابھی تک شروع بھی نہیں ہوئی ہیں، Work plan بھی ان کا نہیں ہے تو آپ کیا سمجھتے ہیں کہ وہ Donor آپ کا اتنا انتظار میں بیٹھا ہوا ہے کہ ہم ایسے بھی کوئی Royalties یہاں پر بیٹھے نہیں ہیں کہ جب ہمارا جی چاہے گا، ہم تالی بجائیں گے اور کہیں گے حاضر، تو وہ حاضر ہو جائیں گے اور ہمارا پروگرام شروع ہوگا۔ سر! ہر چیز کی ایک Strategy ہوتی ہے، پروگرام کے تحت ہوتی ہے، اس کی Planning ہوتی ہے، اس کے بعد جب آپ کے پاس اس کی Feasibility already موجود نہیں ہے اور اس کے Work paper آپ دے نہیں سکتے تو For God sake ہماری Help seek کریں۔ اس اسمبلی میں آپ کے پاس سول سوسائٹی آرگنائزیشن میں ہمارے جیسے کچھ بے وقوف لوگ کام کرتے رہے ہیں، ان سے آپ تھوڑی سی رائے لے لیں، ہم آپ کو Assist کریں گے۔ نہ ہم آپ سے پیسے مانگتے ہیں نہ ہم آپ سے

سکیمیں مانگتے ہیں نہ کچھ اور۔اس صوبے کی بہتری کیلئے ہم نہیں چاہتے کہ کوئی Donor funded project آئے اور وہ واپس ہو جائے۔اس کے ساتھ میں ذرا جلدی سے یہ بات بھی کر دوں کہ بار بار اس کا ذکر ہوا ہے اور میں بھی اس کا ذکر کرونگی کیونکہ خواتین کے شعبے سے میرا خاص تعلق ہے، Women University کا Allocation one million کی ہے تو Incurring expenditure جو تھا، وہ 300 million تھا، مجھے ایسے لگتا ہے جیسے آئندہ آنے والی ہماری تیسری، چوتھی، پانچویں جو نشست آئے گی وہ اس کی Ground Breaking Ceremony دیکھے گی اور اس کے بعد Completion کب ہو گی؟ واللہ اعلم۔ تو سر! آپ دیکھیں اسمبلی کا Tenure پانچ سال کا ہے جس میں سے سوا ایک ڈیڑھ تو جا چکا ہے تو باقی جتنا بھی بچا ہے سر، اس کا ہم کیا کریں گے؟ اور ابھی تک یہ بھی نہیں پتہ کہ کچھ ایسی سیکیمز ہیں سر، جن کو، میں ایک کا نہیں کہتی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات):</u> شارٹ کر دیں جی۔

<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی:</u> جی، میں بالکل شارٹ کرونگی۔ آپ کی دفعہ میں نہیں بولتی ہوں، Mr. Speaker sir! This is not right۔ (قطع کلامی)

<u>وزیر بلدیات:</u> سر! نماز کا وقفہ آپ کر دیں کیونکہ ٹائم ہونے والا ہے۔

<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی:</u> نہیں جی، میرے دو ہی منٹ رہتے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> کرتا ہوں، میں کرتا ہوں۔

<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی:</u> ڈیڑھ بجے نماز کا ٹائم ہے۔ ہم بہت جلدی پہنچ جائیں گے وہاں پر، انشاء اللہ میں آپ کو پہنچا دونگی۔

<u>جناب سپیکر:</u> نماز ڈیڑھ بجے ہے، ابھی وقت ہے۔

<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی:</u> سر! کچھ ایسی Lists ہیں سکیمز کی جو ابھی تک Approve نہیں ہوئیں اور وہ Hundreds میں ہیں اور میں پھر کہونگی کہ ان کا Working paper بھی ابھی تک Ready نہیں ہے اور

961 سکیمز کی طرح وہ بھی ڈراپ ہو جائیں گی اور اس بارے میں فیڈرل گورنمنٹ نے خاص طور پر پراونشل گورنمنٹ کو کہا ہے، Explanation بھی Sought کی ہے کہ آپ نے یہ تمام سکیمز جو پڑی ہوئی ہیں، ان پر Implementation کیوں شروع نہیں کی؟ Our blame is usually on the federation کہ جناب، Federally administered کام میں ہمیں Help نہیں ملتی تو سر، آپ مجھے پھر یہ بتادیں کہ اگر آپ کی سکیمز اسی طرح پڑی رہیں اور اس کے بارے میں کچھ Working paper نہیں چلا تو ہم کیا کریں گے؟ اور جاتے جاتے میں تھوڑا سا اپنے ایم۔ایم۔اے کے بھائیوں اور بیٹوں کیلئے کہنا چاہتی ہوں کہ یہ ہم پر بہت دفعہ، وہ جیسے آپ نے وجیہ الزمان کو بھی کہا کہ میں ان کو Expunge کر رہا ہوں۔ I hope you will not expunge I am not very good at Urdu,but this is specially for M.M.A‘this، جس طریقے سے وہ کام کر رہے ہیں اور جس ادا سے وہ کام کر رہے ہیں، جس انداز سے وہ کام کر رہے ہیں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> پلیز، پلیز۔

<u>محترمہ رفعت اکبر سواتی:</u> وہ ہے سر، Sir! I am addressing you ، وہ لوگ بہت خوش قسمت تھے جو عشق کو کام سمجھتے تھے یا کام سے عاشقی کرتے تھے۔ ہم جیتے جی مصروف رہے، کچھ عشق کیا کچھ کام کیا، عشق کام سے الجھتا رہا اور کام عشق کے آڑے آتا رہا۔ پھر آخر تنگ آکر ہم نے دونوں کو ادھورا چھوڑ دیا۔ سر! اگر یہی انجام ہونا ہے تو ابھی بتادیں۔ شکریہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: The sitting is adjourned till 10.AM of Wednesday morning, the 24th of March, 2004.

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 24 مارچ 2004 کی صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)